Roll No..

Total No. of Questions : **12**] [*Total No. of Printed Pages* : **8**

APP-1013

M.A. (Previous) Examination, 2022

URDU

Paper–I

(Ghazal)

Time : 3 Hours] [*Maximum Marks : 100*

SECTION–A

Note : Answer all ten questions (Answer limit 50 words). Each question carries 2 marks. **(2 × 10 = 20)**

(حصہ-الف)

سبھی 10 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 50 الفاظ سے زیادہ نہ ہو) ہر سوال کے 2 نمبر ہیں۔

SECTION–B

Note : Answer any five questions out of seven (Answer limit 200 words). Each question carries 8 marks. **(8 × 5 = 40)**

(حصہ-ب)

7 میں سے کن ہی 5 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 200 الفاظ سے زیادہ نہ ہو)ہر سوال کے 8 نمبر ہیں۔

SECTION–C

Note : Answer any two questions out of four (Answer limit 500 words). Each question carries 20 marks. **(20 × 2 = 40)**

(حصہ-ج)

4 میں سے کن ہی 2 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 500 الفاظ سے زیادہ نہ ہو)ہر سوال کے 20 نمبر ہیں۔

SECTION–A

(حصہ-الف)

1 مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات زیادہ سے زیادہ 50 الفاظ میں تحریر کیجئے۔ تمام مختصر سوالات کے نمبر برابر ہیں۔

(i) ولیؔ کہاں کے رہنے والے تھے؟ ان کا پورا نام لکھئے۔

(ii) اسداللہ خاں غالبؔ کا کوئی ایک شعر لکھئے۔

(iii) آپ کے نصاب میں شامل ناصرؔ کاظمی کے شعری مجموعے کا کیا نام ہے؟

(iv) ناسخؔ کا تعلق اردو شاعری کے کس دبستان سے ہے؟

(v) ولیؔ کا دیوان پہلی مرتبہ دلّی کب پہنچا؟

(vi) سوداؔ کا پورا نام کیا ہے؟

(vii) غزل کے لفظی معنی کیا ہیں؟

(viii) اپنی غزلوں میں دل اور دلّی کے مرثیے کس نے لکھے۔

(ix) ''گلِ نغمہ'' کس کے کلام کا مجموعہ ہے؟

(x) ''حسنِ مطلع'' کسے کہتے ہیں؟

SECTION–B

(حصہ-ب)

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات میں سے کوئی پانچ(5) سوالوں کے جواب دیجئے۔ ہر سوال کا جواب 200 الفاظ میں تحریر کیجئے۔

2 مندرجہ ذیل اشعار میں سے تین اشعار کی تشریح شاعر کے حوالے کے ساتھ کیجئے:

(i)

ہوش میرا نہیں رہا مجھ میں
جب سوں دیکھا ہوں نازنیں کی ادا

(ii)

یہ سرمئی فضاؤں کی کچھ کنمناہٹیں
ملتی ہیں مجھ کو پچھلے پہر تیری آہٹیں

(iii)

نام آج کوئی یاں نہیں لیتا ہے انہوں کا
جن لوگوں کے کل ملک یہ سب زیر نگیں تھا

(iv)

حرف نہیں جاں بخشی میں اس کی خوبی اپنی قسمت کی

ہم نے جو پہلے کہہ بھیجا سو مرنے کا پیغام لیا

(v)

سیکھیں ہیں مہ رخوں کے لئے ہم مصوّری

تقریب کچھ تو بہر ملاقات چاہئے

3 داؔغ کی غزل گوئی پر تبصرہ کیجئے۔

4 ''غزل اردو شاعری کی آبرو ہے'' اس قول کی روشنی میں غزل کی خصوصیات پر روشنی ڈالئے۔

5 میر تقی میرؔ کی غزل گوئی پر تبصرہ کیجئے۔

6 ناسخؔ کی غزل گوئی کی امتیازی صفات پر روشنی ڈالئے۔

7 حالؔی نے اپنی کتاب ''مقدمہ شعروشاعری'' میں غزل سے متعلق کون سے خیالات کا اظہار کیا؟

8 یاس یگانہ چنگیزی کے کلام کی فنّی خصوصیات کو مثالوں کے ساتھ سمجھائیے۔

SECTION–C

(حصہ-ج)

ہدایت: مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف 2 کے جواب 500 الفاظ میں تحریر کیجئے۔

9 مندرجہ ذیل اشعار میں سے دس شعروں کی تشریح شاعر کے حوالے کے ساتھ کیجئے:

(i)

دل کی کہانی کہتے کہتے

رات کا آنچل بھیگ چلا تھا

(ii)

پھر وہی گھر وہی شام کا تارا

پھر وہی رات وہی سپنا تھا

(iii)

ہم خالی میں ملے تو ملے لیکن اے سپہر

اس شوخ کو بھی راہ پہ لانا ضرور تھا

(iv)

صبر تھا ایک مونسِ ہجراں

سو وہ مدت سے اب نہیں آتا

(v)

ہر ذرّۂ عالم میں ہے خورشید حقیقی

یوں بوجھ کے بلبل ہوں ہر اک غنچہ دہاں کا

(vi)

حرف بے جا بجا ہے گر بولوں

دشمنِ ہوش ہے پیا کی ادا

(vii)

تا ہم کو شکایت کی بھی باقی نہ رہے جا

سن لیتے ہیں، گو ذکر ہمارا نہیں کرتے

(viii)

بیٹھا ہے جو کہ سایۂ دیوارِ یار میں

فرماں روائے کشورِ ہندوستان ہے

(ix)

دیوارِ یار منّتِ مزدور سے ہے خم

اے خانماں خراب نہ احساں اٹھائیے

(x)

اس دور میں زندگی بشر کی

بیمار کی رات ہوگئی ہے

(xi)

عشق ناکام کی ہے پرچھائیں

شادمانی بھی کامرانی بھی

(xii)

جب تک اونچی نہ ہو ضمیر کی لو

آنکھ کو روشنی نہیں ملتی

(xiii)

ارے اسی سے تو چلتے ہیں شادکام حیات

کہ اہل دل کو خزانے غم و محن کے ملے

(xiv)

یاد آتا ہے مجھے جب وہ گل باغِ وفا

اشک گرتے ہیں مکاں گوشۂ دامان میں آ

(xv)

شام سے کچھ بجھا سا رہتا ہے

دل ہوا ہے چراغ مفلس کا

10 جدید اردو غزل کے رجحانات پر تفصیل سے روشنی ڈالئے۔

11 فراقؔ کی غزلوں میں ہندوستانی تہذیب و معاشرت کی عکاسی پر تبصرہ کیجئے۔

12 خلیل الرحمٰن اعظمی کی غزل گوئی کی خصوصیات کو مثالوں کے ساتھ سمجھائے۔